# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/RBS/01 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | پاکستان | **شعبہ**(Department) | رابطہ برائے شوبز |
| **منصب**(Designation) | نگران مجلس | **جوابدہ**(Report to) | رکن شوریٰ |
| **کام**(Function) | شوبز سے وابستہ اسلامی بھائیوں کو نیکی کی دعوت دینا اور دعوت اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ کرنا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | شعبے کے تمام ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور رکنِ شوریٰ کو مکمل معاونت (Help) و معلومات فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار، تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور انکی مؤثر رہنمائی کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
5. پاکستان کی 100 بڑی (Top 100) شوبز شخصیات کو فوکس کرنا اور ان کو دعوت اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرکے اہلیت کے مطابق تنظیمی ذمہ داریاں دینا۔
6. شوبز کے اداروں (آرٹس کونسل، تھیٹر، اکیڈمیز، انٹرٹینمنٹ چینل وغیرہ) سے منسلک افراد سے پیشگی وقت لے کر ان سے ملاقات کرنا/کروانا۔
7. شعبے سے وابستہ (Connected) بااثر افراد کے گھروں، اکیڈمیز اور دفاتر وغیرہ میں مدنی حلقے لگانا۔
8. شوبز کے اداروں (آرٹس کونسل، تھیٹر، اکیڈمیز، انٹرٹینمنٹ چینل وغیرہ) سے متعلقہ افراد کے اجتماعات کروانا اور ان میں اراکین شوریٰ و مبلغین دعوت اسلامی کے بیانات کروانا۔
9. دعوت اسلامی کے اداروں کا شعبے کے طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق بااثر افراد (شخصیات) کو وزٹ کروانا اور وزٹ کی نیوز مدنی خبروں میں چلوانا۔
10. شوبز کی بڑی شخصیات سے مدنی مذاکروں کے لیے سوالات اور 26 ویں شریف و یومِ دعوت اسلامی کے موقع پر تاثرات ریکارڈ کروا کر شعبہ مدنی چینل کو پیش کروانا۔
11. شعبے سے منسلک بااثر افراد (شخصیات) کے بچوں کو جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخل کروانا۔
12. شوبز سے وابستہ بااثر افراد میں کتب و رسائل تقسیم کرنا/کروانا اور ان کی ماہنامہ فیضانِ مدینہ کی بکنگ کروانا۔
13. بااثر افراد کو مدنی چینل کے سلسلوں کا تعارف کروانا اور ان کے گھروں میں مدنی چینل چلوانا نیز شجر کاری مہم میں ان کی شرکت کروانا۔
14. شعبے سے وابستہ افراد کے ہاں بیماری و انتقال وغیرہ کے موقع پر عیادت و تعزیت نیز کفن دفن کے معاملات کرنا/کروانا۔
15. شعبے کے تحت ہونے والے مختلف کورسز اور اجتماعات میں بیانات کرنا نیز بااثر افراد کو پورا ماہ/آخری عشرے کا اعتکاف کروانا۔
16. شوبز سے وابستہ افراد و ذمہ داران کو مختلف کورسز کروانا نیز ان کو ایک دن راہِ خدا میں اور قافلوں میں سفر کروانا۔
17. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق شوبز سے وابستہ ذمہ داران کی نگران شوریٰ اور نگران پاکستان مشاورت کی خدمت میں حاضری کروانا۔
18. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ کرنا/کروانا۔
19. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا، کے پی آئیز سمجھنا/سمجھانا نیز تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
20. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
21. شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ) کے اہداف مکمل کرنے کی کوشش کرنا/کروانا۔
22. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
23. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
24. 12 دینی کاموں میں سے اجارہ وقت کے دوران آنے والے طے شدہ دینی کام کرنا۔
25. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** بی اے/بی ایس سی (BA/BSC)
- **دینی تعلیم:** درس نظامی + 12 ماہ کا قافلہ کیا ہو + 12 دینی کام، اصلاح اعمال، فیضان نماز کورس کیے ہوں

- متعلقہ شعبے میں کم از کم 5 سے 7 سال کا تجربہ
- People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership, Conceptual Skills, Rapport-building, Time management

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ اور المدینۃ العلمیہ کی تحریر شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔